© rasailojaraid.com



ترحیم ادارہ

# مسافرینِ آخرت

* ملتان میں ہمارے کرم فرما محترم عزیز سندھو کی حقیقی خالہ، تسلیم سندھو اور محمد عمر فاروق سندھو کی خوشدامن صاحبہ یکم نومبر ۱۹۹۵ء کو انتقال کر گئیں۔

مجلس احرار اسلام جلال پور پیر والہ کے کارکن محمد عبدالرحمن جامی نقشبندی کے برادر نسبتی مولانا شبیر احمد یوسفی ولد حافظ محمد صدیق نقشبندی (فاضل جامعہ خیرالمدارس) ۱۰ نومبر بروز جمعۃ المبارک ڈھائی بجے شب ٹریفک کے ایک حادثہ میں شہید ہوگئے ہیں۔ ان کی شہادت پر سید عطاء المحسن بخاری، قاضی حسین احمد، قاری عبدالمجید خان۔ محمد صادق صدیقی۔ مولانا عطاء الرحمن بہاول پوری، حکیم حسین احمد قریشی، عبدالخالق ندیم، قاری عبدالغفار نقشبندی، حکیم محمد یوسف قریشی، محمد اسلم صدیقی، مولانا محمد عبدالستار تونسوی، مولانا محمد عبدالکریم ندیم، سید محمد معاویہ بخاری، مولانا عنایت اللہ اور حافظ قاری نذیر احمد ثاقب نے گہرے غم کا اظہار کرتے ہوئے ان کے لئے دعائے مغفرت کی ہے اور لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے ان کے لئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔ مولانا شبیر احمد یوسفی انتہائی خلیق، نیک سیرت اور سخی انسان تھے۔ اللہ تعالی ان کے حسنات قبول فرما کر ان کی مغفرت فرمائے آمین۔

مجلس احرار اسلام کے کارکن مولانا محمد صادق، محمد ابراہیم کے والد ماجد الحاج اللہ وسایا امیر تبلیغی جماعت جلال پور پیر والہ ۱۶۔ نومبر ۱۹۹۵ء بروز جمعرات ۶۳ سال کی عمر میں وفات پاگئے۔ مرحوم دین کی محبت سے سرشار ایک اعلی انسان تھے انہوں نے اپنی زندگی میں تبلیغی جماعت کے مراکز مسجد تقویٰ اور مسجد امیر حمزہ تعمیر کرانے میں بھرپور کردار ادا کیا۔ ان کی نماز جنازہ مولانا غلام محی الدین فاروقی نے پڑھائی۔ ہر طبقہ فکر کے افراد نے بڑی تعداد میں جنازہ میں شریک کی اور اپنی دعاؤں کے ساتھ انہیں سپرد خاک کیا۔

ان کی وفات پر قاری عبدالرحیم فاروقی۔ قاری عبدالغفار نقشبندی، قاضی عبدالخالق ندیم، محمد عبدالرحمن جامی نقشبندی، الحاج امیر احمد سجاد، حکیم محمد یوسف قریشی، حکیم حسین احمد قریشی اور محمد اسلم صدیقی نے گہرے غم کا اظہار کرتے ہوئے ان کے لئے دعائے مغفرت کی اور پسماندگان سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے ان کے لئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

* مجلس احرار اسلام چیچا وطنی کے کارکن محترم ڈاکٹر اللہ بخش جاوید کے جواں سال بیٹے طاہر مسعود کا گزشتہ ماہ انتقال ہوگیا۔

* ملتان سے ہمارے بہت ہی کرم فرما محترم مسعود اختر صاحب (سلیمی دواخانہ والے) کے جواں سال

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فرزند عزیز عاطف مسعود ۱۹ نومبر کو انتقال کر گئے۔ وہ گزشتہ ایک سال سے گردوں کی تکلیف میں مبتلا تھے۔ ان کی عمر ۲۵ سال تھی۔ خانوادۂ حکیم عطاء اللہ خان (رحمہ اللہ) کے لئے عزیز عاطف کی موت بہت بڑا صدمہ ہے۔

*تحریکِ طلباء اسلام پاکستان کے سابق مرکزی صدر محترم پروفیسر محمد عباس نجمی کے والد ماجد جناب چودھری عبدالحمید وینس (سکنہ چک نمبر L-۱۲/۴۲ چیچا وطنی) گزشتہ ماہ رحلت فرما گئے۔ مرحوم پابندِ صلوٰۃ وصوم تھے اور نہایت نیک سیرت انسان تھے۔ پوری زندگی استقامت کے ساتھ احکام شریعت کے مطابق بسر کی۔

*ادارہ دعوت وارشاد کے سربراہ مولانا منظور احمد چنیوٹی کی بہو اور مولوی محمد الیاس صاحب کی اہلیہ ۶ نومبر ۱۹۹۵ء کو چنیوٹ میں رحلت فرما گئیں۔ مرحومہ نہایت صالحہ خاتون تھیں اور بچیوں کو قرآنِ کریم پڑھاتی تھیں۔

مجلس احرارِ اسلام حاصل پور کے صدر جناب مرزا محمد اقبال کے والد ماجد مرزا مہر دین صاحب انتقال فرما گئے۔ ان کی نمازِ جنازہ ۶ نومبر بروز پیر بعد از ظہر جامع مسجد میں اداء کی گئی۔ مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور دینی زندگی کے حامل انسان تھے۔

## انتخاب مجلس احرار اسلام اوکاڑہ

مجلس احرار اسلام اوکاڑہ کے کارکنوں کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت جناب حکیم محمد انور مجاہد نے کی۔ جناب حکیم صاحب احرار کے قدیم کارکن ہیں۔ اور ایک عرصہ سے لاہور میں مقیم ہیں۔ حال ہی میں ان کی تحریک پر اوکاڑہ میں قیام احرار ہوا اور ۹۶-۱۹۹۵ء کے لئے انتخاب عمل میں آیا۔ اتفاقِ رائے سے درج ذیل عہدیدار چنے گئے۔

صدر: جناب شیخ نسیم الصباح

نائب صدر: جناب ذوالفقار احمد شیخ

ناظم اعلیٰ: جناب محمد طارق چودھری

ناظم نشر واشاعت: جناب محمد سلیمان

علاوہ ازیں درج ذیل احباب نے احرار میں شمولیت اختیار کی۔

جناب محمد خالد، جناب محمد صلاح الدین، جناب محمد ندیم انجم

مجلس احرار اسلام ضلع اوکاڑہ کے صدر شیخ نسیم الصباح کے والد ماجد جناب حکیم ماسٹر محمد حسین صاحب گذشتہ دنوں انتقال کر گئے۔ مرحوم مجلس احرار اسلام اوکاڑہ کے سب سے پہلے سالار اعلیٰ تھے وہ اکابر احرار، خصوصاً حضرت امیر شریعت، مولانا حبیب الرحمن لدھیانوی اور قاضی احسان احمد شجاع آبادی رحمتہ اللہ علیہم کے ساتھ گہری محبت رکھتے تھے۔ مرحوم نے تحریک ختم نبوت ۱۹۵۳ء میں بھرپور حصہ لیا اور گرفتار ہوئے۔

© rasailojaraid.com